**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS X**

**ANNUAL EXAMINATIONS 2022**

# Islamiyat

**Time: 1 hour 20 minutes Marks: 40**

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning Only

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 40 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D,C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

7۔ اِس پرچے میں موجود 40 کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) کو کُل 50 نمبر کے متساوی کر کے امتحان میں حاصل کردہ نمبر اِس کے مطابق تسلیم کیے جائیں گے۔

1۔ لفظ 'احزاب' کے لغوی معنی کیا ہیں؟

A۔ حکمران

B۔ جماعتیں

C۔ مجاہدین

D۔ حکومتیں

2۔ سورۃ الاحزاب میں کن گروہوں کا ذکر کیا گیا ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | یہود | نصاریٰ | منافقین |
| B | نصاریٰ | مومنین | یہود |
| C | مومنین | منافقین | یہود |
| D | مومنین | منافقین | نصاریٰ |

3۔ وَسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا۔ (الاحزاب: 42)

دی گئی آیت کے مطابق اہلِ ایمان کن اوقات میں تسبیح کرتے ہیں؟

A۔ صبح و شام

B۔ صبح و دوپہر

C۔ شام و رات

D۔ سہ پہر و رات

4۔ سورۃ الاحزاب کے مطابق غزوۂ احزاب کے موقع پر منافقین نے کفار کا لشکر دیکھ کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا درخواست کی؟

A۔ ہمیں مدینہ کی سرحد پر بھیج دیا جائے تاکہ ہم وہاں حفاظت کریں

B۔ ہمیں پہاڑوں پر تعینات کر دیا جائے تاکہ ہم اوپر سے حملہ کر دیں

C۔ ہمارے دستے کو آخر میں رکھا جائے تاکہ ہم دشمنوں پر اچانک سے حملہ کر دیں

D۔ ہمارے گھر خالی ہیں، ہمیں واپس بھیج دیا جائے تاکہ ہم اپنے گھروں کی حفاظت کریں

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning only

5۔ نکاح سے قبل حضرت زینب بنت جحش ؓ کا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا رشتہ تھا؟

A۔ چچا زاد بہن تھیں

B۔ خالہ زاد بہن تھیں

C۔ ماموں زاد بہن تھیں

D۔ پھوپھی زاد بہن تھیں

6۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ ۔
(الممتحنہ:01)

دی گئی آیت میں مسلمانوں کو کفار سے دوستی کرنے سے اس لیے منع کیا گیا ہے کیوں کہ وہ

A۔ معاہدات کو توڑتے ہیں۔

B۔ دین کی سچائی کو جھٹلاتے ہیں۔

C۔ تجارت میں دھوکہ دیتے ہیں۔

D۔ عبادات میں سُستی دکھاتے ہیں۔

7۔ اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً۔ (الممتحنہ:02)

دی گئی آیت میں لفظ 'اَعْدَآءً' کفار سے متعلق کس چیز کو واضح کر رہا ہے؟

A۔ تکبر

B۔ چال

C۔ دشمنی

D۔ منافقت

8۔ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ۔ (الممتحنہ:06)

دی گئی آیت میں لفظ 'يَرْجُوْا' سے کیا مراد ہے؟

A۔ راز چھپانا

B۔ امید رکھنا

C۔ پروا نہ کرنا

D۔ دوست رکھنا

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning Only

9۔ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۔ (الممتحنہ:07)

دی گئی آیت میں اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو کفار سے متعلق کس بارے میں بتا رہا ہے؟

A۔ اُن سے دور رہنے کا حکم

B۔ اُن سے مزید جنگوں کا بیان

C۔ اُن کے ایمان لانے کا اشارہ

D۔ اُن سے تعلقات قائم کرنے کا اشارہ

10۔ سورۃ الممتحنہ کی آیت نمبر 10 کے مطابق، مومن عورتیں جب ہجرت کر کے آئیں تو مسلمانوں کو سب سے **پہلے** کس بات کا حکم دیا گیا ہے؟

A۔ اُن کے کافر شوہروں کا مال واپس کر دیا جائے

B۔ اُن کے ساتھ نکاح کیا جائے

C۔ اُن کو مہر ادا کیا جائے

D۔ اُن کا امتحان لیا جائے

11۔ خلفائے راشدین کے دور میں تدوینِ حدیث کیوں **نہیں** ہوئی؟

A۔ زیادہ تر صحابہؓ لکھنا نہیں جانتے تھے

B۔ صحابہ کرامؓ کا موجود ہونا خود دلیل تھی

C۔ قرآن و حدیث کے مِل جانے کا خوف تھا

D۔ زیادہ تر صحابہ کرامؓ تبلیغِ اسلام میں مصروف تھے

12۔ عبد الرحمٰن نماز کی ادائیگی کے لیے مسجد پہنچا تو امام نے دوسری رکعت شروع کر دی۔

دی گئی صورتِ حال میں عبد الرحمٰن کو کیا کرنا چاہیے؟

A۔ جماعت کے ساتھ شامل ہو جائے

B۔ نماز ختم ہونے کا انتظار کرے

C۔ واپس گھر لوٹ جائے

D۔ نماز قضا کرے

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning only

13۔ درج ذیل میں سے وہ کون سی عبادت ہے جس کے ذریعے مومن کا اللہ تعالیٰ سے متواتر تعلق اور رابطہ قائم رہتا ہے؟

A۔ نماز

B۔ زکوٰۃ

C۔ روزہ

D۔ حج

14۔ نصاب میں موجود حج کے حوالے سے حدیث میں 'مناسکِ حج' پورے کرنے کے علاوہ کس اہم نکتے کے بارے میں توجہ دلائی گئی ہے؟

A۔ غصہ پر قابو پانا

B۔ اپنی اولاد کا خیال رکھنا

C۔ اعتدال میں مال خرچ کرنا

D۔ دورانِ سفر صحت کا خیال رکھنا

15۔ نصاب میں موجود احادیث کے مطابق کس شخص کے لیے دو خوشیاں اور پچھلے گناہوں کی معافی کی بشارت ہے؟

A۔ روزے دار اور حاجی کے لیے

B۔ نگہبانی کرنے والے اور حاجی کے لیے

C۔ نمازی اور زکوٰۃ ادا کرنے والے کے لیے

D۔ روزے دار اور زکوٰۃ ادا کرنے والے کے لیے

16۔ درج ذیل نِکات کو پڑھیے۔

- اللہ کی راہ میں مشقت جھیلنا
- جنت کی خوش خبری

دیے گئے نِکات کس حدیث سے متعلق ہیں؟

A۔ كُلُّكُمْ رَاعٍ وَّكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِيَّتِهٖ۔

B۔ مَنِ اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ۔

C۔ مَنْ تَخَطّٰى رِقَابَ النَّاسِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِتَّخَذَ جِسْرًا اِلٰى جَهَنَّمَ۔

D۔ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ۔

براہِ کرم صفحہ پلٹیے



Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

17۔ سلمان اپنے دوست کے ساتھ چہل قدمی کر رہا تھا، ساتھ ہی اپنے دوست کو اس بات پر قائل کر رہا تھا کہ درخت لگانا صدقہٗ جاریہ ہے اور یہ لوگوں کے لیے راحت بھی ہے۔ سلمان نے اپنی بات کو مزید مدلل بنانے کے لیے اپنے دوست کو ایک حدیث سنائی جسے سن کر اُس کا دوست قائل ہو گیا۔

دیے گئے بیان کو سامنے رکھتے ہوئے بتائیے کہ سلمان نے اپنے دوست کو کون سی حدیث سنائی ہو گی؟

A۔ خَيْرُ النَّاسِ مَنْ يَّنْفَعُ النَّاسَ۔

B۔ كُلُّكُمْ رَاعٍ وَّكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِيَّتِهٖ۔

C۔ مَنِ اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ۔

D۔ لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ: فَرْحَةٌ عِنْدَ اِفْطَارِهٖ وَفَرْحَةٌ عِنْدَ لِقَاءِ رَبِّهٖ۔

18۔ احمد جمعہ کے دن مسجد میں امام کا خطبہ سن رہا تھا۔ اس نے دیکھا کہ ایک شخص مسجد میں داخل ہوا اور اگلی صف میں بیٹھنے کی غرض سے لوگوں کی گردنیں پھلانگتا ہوا آگے جا کر بیٹھ گیا۔

دی گئی صورتِ حال میں احمد کو نصاب میں شامل حدیث کے مطابق کیا کرنا چاہیے؟

A۔ نماز کے بعد سمجھانا چاہیے

B۔ اسے ہاتھ سے روکنا چاہیے

C۔ اسے فوراً نصیحت کرنی چاہیے

D۔ اس کو اشارہ سے سمجھانا چاہیے

19۔ اِذَا اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَلَا تَاْتُوْهَا تَسْعَوْنَ وَاْتُوْهَا تَمْشُوْنَ وَعَلَيْكُمُ السَّكِيْنَةُ فَمَا اَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوْا وَمَا فَاتَكُمْ فَاَتِمُّوْا۔ (حدیث:14)

دی گئی حدیث میں الفاظ 'وَاْتُوْهَا تَمْشُوْنَ' کس عمل کی وضاحت کر رہے ہیں؟

A۔ بقیہ نماز گھر میں ادا کرنا

B۔ نماز کو مسجد میں قائم کرنا

C۔ نماز کے لیے مسجد میں جلدی آنا

D۔ نماز کے لیے مسجد میں اطمینان سے آنا

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning Only

20۔ كُلُّكُمْ رَاعٍ وَّ كُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِيَّتِهٖ۔ (حدیث:19)

دی گئی حدیث کی مرکزی تعلیم کیا ہے؟

A۔ اہمیتِ علم

B۔ اخلاقِ حسنہ

C۔ احساسِ انسانیت

D۔ احساسِ ذمہ داری

21۔ قرآنِ مجید کی تلاوت سے قلب میں خشوع و خضوع پیدا ہونے کے ساتھ مزید کون سی دولت نصیب ہوتی ہے؟

A۔ عزم و یقین

B۔ عزم و شہرت

C۔ عزت و شہرت

D۔ عزت و بادشاہت

22۔ قرآنِ مجید ہر زمانے اور ہر خطے کے تمام انسانوں کے لیے مکمل ہدایت و راہ نمائی ہے۔ انسان کی دنیا و آخرت کی حقیقی فلاح کا دار و مدار اسی پر عمل کرنے میں ہے اور ہمارا ایمان ہے کہ قرآنِ مجید میں مجموعی طور پر جو کچھ بیان ہوا ہے وہ

A۔ یقینی ہے۔

B۔ قیاسی ہے۔

C۔ ثقافتی ہے۔

D۔ ثانوی ہے۔

23۔ انسان کے پاک ہونے کے باوجود شریعت نے غسل کی ترغیب دی ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عیدین، عمرہ اور حج کے لیے احرام باندھنے اور اس طرح کے دوسرے تمام مواقع پر غسل کرنے کو کہا ہے۔

دیے گئے بیان کی روشنی میں انسان پاک ہونے کے باوجود بھی اگر ان دنوں غسل کرتا ہے تو شریعت کی رو سے اس کا یہ عمل کیا کہلاتا ہے؟

A۔ فرض

B۔ واجب

C۔ سنت

D۔ مستحب

براہِ کرم صفحہ پلٹیے



Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

24۔ اللہ تعالیٰ نے صبر و استقلال کی بنا پر 'نِعۡمَ الۡعَبۡد' کس نبیؑ کو قرار دیا ہے؟

A۔ حضرت عیسیٰؑ

B۔ حضرت موسیٰؑ

C۔ حضرت ایّوبؑ

D۔ حضرت ابراہیمؑ

25۔ قوموں پر جب بھی کوئی مصیبت یا بُرا وقت آئے تو اس کا مقابلہ قرآن و حدیث کے مطابق بنیادی طور پر کن دو طریقوں سے کیا جا سکتا ہے؟

A۔ ہمت اور صبر سے

B۔ تقویٰ اور صبر سے

C۔ تقویٰ اور سچائی سے

D۔ وفاداری اور سچائی سے

26۔ درج ذیل میں سے کون سا بیان جہاد بالسیف کی صحیح ترجمانی کرتا ہے؟

A۔ ایک غیر مسلم نظریے کے خلاف ایک اسلامی ریاست نے عالمی سطح پر اپنے تحفظات کا اظہار کیا۔

B۔ ایک غیر مسلم ریاست نے اسلامی ریاست پر حملہ کر دیا جس کی بنا پر اُس نے اپنا دفاع کیا۔

C۔ ایک غیر مسلم ریاست پر قبضہ کرنے کے لیے ایک اسلامی ریاست نے جنگ کا آغاز کیا۔

D۔ ایک غیر مسلم نظریے کو تمام مسلمانوں نے اجتماعی طور پر رد کیا۔

27۔ درج ذیل میں سے کون سا بیان 'جہاد بالنفس' سے متعلق ہے؟

A۔ ارحم نے روزگار کے سلسلے میں مسلسل ہمت جاری رکھی۔

B۔ سلمان نے انتہائی محنت کے بعد امتحان میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔

C۔ زید نے اپنے دفتر میں لالچ ملنے کے باوجود ایمان داری سے کام جاری رکھا۔

D۔ عبد اللہ نے علاقے کے لوگوں کے لیے مختلف جگہوں پر پانی کے کولر لگوائے۔

Annual Examinations 2022
Teaching & Learning Only

28۔ تبلیغ کے ابتدائی ایام میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اُن کے ساتھیوں کو جسمانی اور ذہنی تکالیف سے دوچار ہونا پڑا۔ ایسے موقع پر اللہ تعالیٰ نے ہجرت کرنے کی اجازت دی۔ بتایئے کہ ہجرتِ مدینہ سے قبل مسلمانوں نے کہاں ہجرت کی؟

A۔ طائف

B۔ حبشہ

C۔ شام

D۔ یمن

29۔ درج ذیل میں سے کون سا سبب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مدینہ کی طرف ہجرت سے متعلق ہے؟

A۔ بیعتِ عقبہ کا ہونا

B۔ قریشِ مکہ کا جنگ کی تیاری کرنا

C۔ مختلف قبائل کا مکہ پر حملہ آور ہونا

D۔ منافقین کی طرف سے چال بازیاں کرنا

30۔ ہجرتِ مدینہ کے **فوراً** بعد مسلمانوں کو کیا فائدہ حاصل ہوا؟

A۔ منافقین کا خاتمہ ہوا

B۔ قرآنِ مجید کا نزول مکمل ہوا

C۔ قریش کی طرف سے پابندیوں سے نجات ملی

D۔ میثاقِ مدینہ کے نتیجہ میں امن و امان قائم ہوا

31۔ عائلی زندگی کی بنیاد کیسے بنتی ہے؟

A۔ گھر سے

B۔ زوجین سے

C۔ خاندان سے

D۔ معاشرے سے

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning only

32۔ درج ذیل خصوصیات کو پڑھیے۔

- آزاد
- پاک دامنی
- قلعہ بند ہو کر محفوظ ہونا

دی گئی خصوصیات میں عائلی زندگی سے متعلق کس اہم عنصر کی طرف اشارہ کیا جا رہا ہے؟

A۔ مہر
B۔ نکاح
C۔ اطاعت
D۔ رضاعت

33۔ بیوی کے حقوق کے معاملے میں شوہر کے بنیادی فرائض میں سب **پہلا** فریضہ کیا ہے؟

A۔ خرچہ اُٹھائے
B۔ مہر ادا کرے
C۔ تعلیم دلوائے
D۔ گھر لے کر دے

34۔ شوہر کے فرائض میں 'نان و نفقہ' سے کیا مراد ہے؟

A۔ ترکے کا مال
B۔ مہر کی ادائیگی
C۔ عزت و احترام
D۔ گھریلو اخراجات

35۔ ڈاکٹر سلیم الزّماں صدّیقی سائنس کے کس شعبے میں ماہر مانے جاتے ہیں؟

A۔ کیمیا
B۔ ریاضی
C۔ طبعیات
D۔ حیاتیات

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

36۔ البیرونی کی معروف تصانیف: 'کتاب الآثار الباقیہ عن القرون الخالیہ' اور 'قانونِ مسعودی' کے بنیادی موضوعات کیا ہیں؟

A۔ تاریخ اور سائنس

B۔ سائنس اور قانون

C۔ تاریخ اور حدیث

D۔ فلسفہ اور قانون

37۔ ابو القاسم خلاف بن عباس الزہراوی کی معروف تصنیف 'التصریف لمن عجز عن التالیف' کا متن کس سے تعلق رکھتا ہے؟

A۔ حدیث

B۔ تاریخ

C۔ ادب

D۔ طب

38۔ درج ذیل معلومات کو پڑھیے۔

- پیدائش: 1849
- پیشہ: قانون دان
- تصنیف: تاریخِ اسلام

دی گئی معلومات کس شخصیت سے متعلق ہیں؟

A۔ سید امیر علی

B۔ ابو ریحان البیرونی

C۔ ابو القاسم خلاف بن عباس الزاہراوی

D۔ ڈاکٹر سلیم الزماں صدیقی

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning Only

39۔ معاشرے میں قومی یک جہتی پیدا کرنے کے لیے ایک ریاست **پہلا** کام کیا کرے گی؟

A۔ اتحاد قائم کرے گی

B۔ تعلیم کو عام کرے گی

C۔ منصوبہ بندی کرے گی

D۔ روزگار کے مواقع فراہم کرے گی

40۔ کسی بھی ملک کی سماجی ترقی اور خوش حالی کے لیے کون سا عنصر اہم ہے؟

A۔ تعلیم کو عام کرنا

B۔ درآمدات میں اضافہ کرنا

C۔ بیرونی ممالک سے امداد حاصل کرنا

D۔ زرمبادلہ کمانے کے لیے دوسرے ممالک میں جا کر کام کرنا

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

اختتام

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only